RAMPUR GOVT GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد ۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ جنوری ۱۸۹۴ء مطابق ۷ رجب ۱۳۱۱ ہجری	نمبر ۳

فہرست مضامین

صفحہ	نام مضمون	نمبر
	احکام اجلاس کامل	
۱	پنشن محمد ایاز خان سوار۔	۱
۲	پنشن امراؤ سنگہ سپاہی۔	۲
۲	پنشن علیمہ تتو سپاہی۔	۳
	احکام صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۲	رخصت سید علی حیدر تحصیلدار بلاسپور۔	۴
۲	رخصت سید غلام شبیر شکار تحصیل سوار۔	۵
ضمیمہ	حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر در بارۂ اجرائے نوشتہ ڈگری۔	۶
،،	روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور۔	۷
،،	نقشہ جات و سمات و تقسیم رقم ضرر مار اجناس۔	۸ و ۹

حکم اجلاس کامل واقع ۸ جنوری ۱۸۹۴ء

آج پیش کونسل مین پیش ہوئی محمد ایاز خان ولد میر باز خان سوار ترپ چہارم کو بوجہ ضعیفی خدمت سے علیحدگی مین روپیہ ماہوار پنشن دیجاوے مثل بنا براجرائے احکام باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہون اہلمد پنشنداران و بخشی فوج کو اطلاع دیجاوے۔ ۱۱ جنوری ۱۸۹۴ء

حکم اجلاس کامل واقع ۸ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

بمقدمہ پنشن سپاہی رسالہ مرزا عنایت حسین

آج یہ مثل کونسل میں پیش ہوئی اور اودھ سنگھ ولد گوکل سنگھ سپاہی کو یوم علیحدگی خدمت سے ڈھائی روپیہ ماہانہ پنشن دیجائے مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں اطلاع پنشنداران و بخشی فوج کو اطلاع دیجاوے

۱۱ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

دستخط [illegible]

حکم اجلاس کامل واقع ۸ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

آج یہ مثل کونسل میں پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ خلیفہ ممو ولد شیخ مدو سپاہی رسالہ مرزا عنایت حسین رسالدار کو یوم علیحدگی خدمت سے دو روپیہ ماہواری پنشن دیجاوے — مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں بخشی فوج اور دفتر پنشنداران کو اطلاع دیجاوے

۱۱ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

دستخط [illegible]

احکام صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

۶ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

عرضی سید علی حیدر تحصیلدار بلاسپور بدرخواست عطاے رخصت یک ہفتہ بوجہ علالت پیش ہو کر منظور ہوئی۔

دستخط [illegible]

ایضاً

۶ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

عرضی سید غلام شبیر پیشکار تحصیل سوار بدرخواست عطاے رخصت یک ماہ بوجہ بقاے مرض پیش ہو کر رخصت مطلوبہ مزید بلا تنخواہ منظور ہوئی۔ انوار حسین بدستور کام کرینگے۔

دستخط [illegible]

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

...کم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۳ر جنوری سنہ ۱۸۹۴ء نسبت تجویز صاحب سرکٹ ڈسٹرکٹ جج بہا...

...مکو رای صاحب جج بہادر سے اتفاق ہے ہمیشہ مقدمات دیوانی مین ڈگری اس موافق بعد تجویز لگائی جایا کرے عام اس سے کہ مقدمہ ...مس کیا جائے یا ڈگری کیا جائے ۔ ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے تاکہ حکام متعلق آیندہ اسکے موافق ...کارروائی عمل مین لاوین ۔

تجویز صاحب سرکٹ ڈسٹرکٹ جج بہادر گذر ذریعی بالیوس ...گا ... ہو کاران بہ ...تعلق اجرائی قاعدہ ترتیب ڈگری

...یری رای مین ڈگری کا بنا چاہیے اور جہانتک مین خیال کرتا ہون عمال عدالت ضرورت سے زیادہ ہین اور کوئی حوالت ہوگی اور جب ڈگری ...فارم چھاپے جاوینگے تو محض خانہ پری انکی کرنی ہوگی جسمین کچھ زیادہ کام نہین ہوگا اور میری رای مین حسب ذیل نمونہ ڈگریون کا ہونا چاہیے

نمونہ ڈگری

زید — مدعی

عمر — مدعا علیہ

دعوے بابت

مقدمہ ہوا بتاریخ — واسطے فیصلہ کے روبرو — بحاضری

پیش ہوا عدالت نے بحث سنی کاغذات ملاحظہ کئے عدالت حکم دیتی ہے

اور نیز خرچہ — بذمہ

خرچہ مقدمہ

مدعی	روپیہ	آنہ	پائی	مدعا علیہ	روپیہ	آنہ	پائی
اسٹامپ عرضی دعوے				اسٹامپ وکالت نامہ			
اسٹامپ وکالت نامہ				ایضاً سوال			
محنتانہ وکیل				محنتانہ وکیل			
رسوم ترجمہ				خوراک گواہان			
خوراک گواہ				اجرائے حکمنامہ			
اجرائے حکمنامہ				رسوم ترجمہ			
متفرقات				فیس کمیشن			
				متفرقات			
میزان				میزان			

آج تاریخ — ماہ — سنہ — کو بہ ثبت دستخط و مہر عدالت ڈگری مرتب ہوئی (مہر عدالت) — دستخط حاکم

نمونہ مین لفظ روبرو کے بعد جگہ خالی چھوڑی جائیگی جسمین حاکم کا نام وعہدہ لکھا جائیگا اور بحاضری کے بعد بقدر
جگہ چھوڑی جائیگی کہ مدعی و مدعا علیہ اگر اصالتاً حاضر ہون تو اونکا نام اور اگر وکیل بھی ہون تو اونکا بھی نام
لکھا جاسکے اور لفظ "عدالت حکم دیتی ہے" کے بعد پورا حکم جو فیصلہ مین لکھا گیا ہو - اور خرچہ کی نسبت
جو حکم عدالت کا ہوا ہو اوسکے لئے دوسری سطر ہے - المرقوم ۳۱ دسمبر ۱۸۹۳ء

[illegible]

(۱۵)

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر ۔ واقع ۲۳ر جنوری ۱۸۹۴ء

ہر ایک دفعہ کے متعلق احکام تحریر ہو چکے لہذا ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے اور مسل بغرض تعمیل دی جائے

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۲۲ر دسمبر ۱۸۹۳ء

جناب مولوی محمد اصغر صاحب بہادر سشن جج صدر نشین کمیٹی

حاجی حافظ محمد علی حسن خانصاحب مجسٹریٹ ضلع نائب صدر نشین کمیٹی

منشی نندکشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ ضلع سکریٹری کمیٹی

شرکاء جلسہ ملازمین		شرکاء جلسہ غیر ملازمین	
۱- بابو بھولا ناتھ صاحب	اسسٹنٹ سول سرجن	۱- صاحبزادہ گمن خانصاحب	ممبر
۲- پنڈت ڈوری لال صاحب	بخشی فوج	۲- مرزا احمد حسن خانصاحب وکیل	ممبر
۳- منشی صادق حسین صاحب	میونسپل انجینیر	۳- مولوی عبد الصمد صاحب وکیل	ممبر
۴- پنڈت رام دیال صاحب	ڈاکٹر فوج	۴- مولوی محمد یعقوب صاحب وکیل	ممبر
۵- مولوی محمد یعقوب علیخانصاحب	وکیل سرکار	۵- لالہ بندرابن صاحب مستاجر	ممبر
		۶- لالہ گنیشی لال صاحب	ممبر
		۷- لالہ بلدیو داس صاحب	ممبر
		۸- لالہ گوپال داس صاحب	ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- عرضی بدیداس بدرخواست نصب لالٹین بر بندر موقوعہ باغیچہ ذوقرام۔	کثرت رائے سے تجویز ہوئی کہ لالٹین لگا دیجاوے۔

ملاحظہ شد ۲۳ر جنوری ۱۸۹۴ء

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۲- پانچ قطعہ عرائض بابتہ روشنی مساجد متعلقہ محلہ پاکر تھانہ جدید۔ بذریہ نتھو علیخان۔ گھیر جلال خان لال قبر۔ گھیر طوغہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ میونسپلٹی کو ایسے مصارف دینا مناسب نہیں معلوم ہوتے مساجد میں روشنی کا انتظام صیغہ مساجد یا اوقاف سے ہونا چاہئے اجلاس میں صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کے گزارش ہو۔

کاغذات متعلقہ بذریعہ رپورٹ علیحدہ بنا برصدور حکم بار اجلاس میں آنا چاہئیں ۲۳ر جنوری ۱۸۹۴ء

۳۔ عرضی محلہ داران بدر بہ جان سامان مع تحریر وجہ بابتہ تیاری و درستی چاہ متصل مزار میان امیر شاہ صاحب۔	صاحب صدر نشین نائب صدر نشین صاحب نے اس موقع کو خود ملاحظہ فرمانیکا ارشاد فرمایا لہذا بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ کاغذات باجلاس صاحب صدر نشین پیش ہوں۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

۴۔ روبکار اجلاس صاحب چودھری شیل مہر بہادر بطلب رائے نسبت خریداری گاڑیان آہنی کوڑہ۔	صاحب صدر نشین بہادر نے فرمایا کہ نمونہ آگئے ہیں اور بمبئی سے بھی نمونہ منگوایا گیا ہے لہذا یہ دوبارہ جلسہ آیندہ مین پیش ہو۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

۵۔ رپورٹ صفائی بجواب تجویز کمیٹی ۱۰ نمبر نسبت مہائی رقم عشرہ محرم بابتی آبکاری۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ عشرہ محرم کے بابت جو ٹھیکہ دار آبکاری کو مہادی جاتے ہین وہی دی جاوین زیادتی مہائی کی جو درخواست ہے وہ نامنظور ہوئی ہے سررشتہ صفائی کو اطلاع دیجاوے۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

۶۔ عرضی میاجان خان بدرخواست اجازت اجرائی بہشتی جو تجویز ہو۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ شامل کاغذات سابقہ جو سہ بارہ مین کمیٹی سے تجویز ہو چکی ہے پیش ہو۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

۷۔ جواب بخشی حسین صاحب و مرزا محمد حسن صاحب ممبران بورڈ ظاہری روبکار کمیٹی ۹ مرجولائی بابتہ ملاحظہ مواقعات نصب بم پولس آہنی۔	ممبر صاحبان ملاحظہ مواقعات کے بعد جگہہ سادگی بم پولس آہنی پسند نہیں کرتے اور لکھتے ہین کہ موقع بم پولس استادہ ہوئے مگر جگہہ تجویز کر کے نہیں لکھی کہ آیندہ یہانسے اوٹھکر کہان کہان بم پولس استادہ ہون لہذا بالاتفاق تجویز ہوئی کہ دوبارہ ممبر صاحبان کو تکلیف دیجاوے کہ جگہہ نصب کے لیئے برای آیندہ تجویز فرما کر اطلاع دین۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

۸۔ عرضی رام سروپ بدرخواست اجازت تعمیر دوکان موقوعہ متصل ظفر گنج۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اس معاملہ مین ایک قسم کا نزاع واقع ہے جسکا تصفیہ کمیٹی سے نہیں ہو سکتا باجلاس صاحب سشن جج بہادر صدر نشین کمیٹی ابجنس ہو جناب معتمد الیہ بہادر حکم صادر فرماوینگے

ملاحظہ شد ۳ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

۹۔ کاغذات کمرہ بوجی گوسفندان و تلاش	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ کاغذات حوالہ گرداور صفائی کے ہون کہ وہ متلاشی رہین جس وقت

چودہری۔	کوئی قصاب بہلا آدمی قابل چودہراہت دستیاب ہو پیش کرینہ۔ ملاحظہ شد ۲۳ جنوری ۱۸۹۴ء
۱۰۔ نوٹ مرزا محمد حسن صاحب و صاحبزادہ گلی خان صاحب و مولوی عبد المجید خان صاحب دربارہ انتظام گوشت وغیرہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ رائے جو ممبر صاحبان نے مندرج نوٹ کی ہے بہت مناسب معلوم ہوتی ہے لیکن یہ امر مناسب نہیں معلوم ہوتا کہ بوقت منظوری نوٹ کی تجویز کیجاوے۔ بہتر یہ بات ہے کہ جو ممبر صاحبان داغ وہانی گوسفندان فرماتے ہیں وہ اور گردآور صفائی شریک ہوکر ایک خاص کمیٹی کرکے اسبارہ میں مفصل لکہیں دوسرا نوٹ جو اوسکے متعلق ہے وہ بہی شامل اسی نوٹ کی اسپیشل کمیٹی میں پیش ہو۔ ملاحظہ شد ۲۳ جنوری ۱۸۹۴ء
۱۱۔ نوٹ مرزا محمد حسن صاحب دربارہ مسدودی بیچ پلنے شہر۔	صاحب سشن جج بہادر نے فرمایا کہ قواعد میونسپل میں اسل امر کا لحاظ و رعایت ہوا اجراے قواعد میونسپل سے یہ نوٹ ملتوی ہے جب قواعد جاری ہونگے اوسوقت اسبابتہ کارروائی ہوگی۔ ملاحظہ شد ۲۳ جنوری ۱۸۹۴ء
۱۲۔ عرضی وزیر قصاب ٹہیکہ دار مسلخ مع کیفیت صفائی دربارہ تیاری فرش مسلخ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ٹہیکہ دار کی درخواست ہے کہ فرش مسلخ خراب و غیر پختہ ہونیکی وجہ سے نقصان ہوتا ہے جلد چمڑہ کی رگڑ جاتی ہے اور گردآور صفائی بہی لکہتے ہیں کہ جلد انسان کو بہی نقصان پہونچتا ہے دوسرے صفائی اچہی طرح نہیں ہوتی بوجہ ہونے فرش کنکریٹ گڈہ پڑگئے ہیں اونمیں خون بہرجاتا ہے لہذا تخمینہ طلب ہو کہ بہتر کا فرش کسقدر لاگت میں تیار ہوسکتا ہے۔ اسکا انتظام جلد ہونا چاہیے ۲۳ جنوری ۱۸۹۴ء
۱۳۔ عرضی باشندگان شہر بہ شکایت گوشت	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ عرضی کئی مہینہ کی گذری ہوئی ہے اوسوقت میں گوشت کم ہوتا تہا اب شاید کمی ویسے نہیں ہوتا ہے لہذا صفائی سے کیفیت طلب ہو۔ ملاحظہ شد ۲۳ جنوری ۱۸۹۴ء
۱۴۔ رپورٹ گردآور صفائی دربارہ خسرانی	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ رپورٹ کئی مہینہ کی ہے صفائی کو واپس ہو کہ اب گوشت کی کیا حالت ہے

گوشت و تعیین نرخ۔

اطلاعدین۔

ملاحظہ شد ۲۳ جنوری سنہ ۱۸۹۴ع

۱۵۔ نوٹ بخشی صاحب فوج بدین خلاصہ کہ سید ابراہیم صاحب وکیل بجائے حکیم عبد الرزاق خان ممبر متوفی مقرر فرمائے جاوین۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جگہ عبد الرزاق خان صاحب متوفی کی خالی ہی اور سید ابراہیم ایک لائق اور ہوشیار شخص ہین۔ لہذا حسب رائے بخشی صاحب فوج ممبر بورڈ بجائے حکیم صاحب متوفی کے ممبر مقرر کئے جاوین اور بعد منظوری حضور پرنور جناب عالی ممبر بہادر سند ممبری حسب قاعدہ اونکو صدر دیدین۔

منظور ہے۔ ۲۳ جنوری سنہ ۱۸۹۴ع

۱۶۔ نقشہ بقایا پرتہ چوکیدارہ مع رائے اسپیشل کمیٹی منعقدہ ۱۰ ستمبر سنہ ۱۸۹۳ع

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ نادہندوں کے ذمہ ۔۔۔ کی رقم قابل وصول ہی اسپیشل کمیٹی کی رائے ہے کہ ۔۔۔ بذریعہ نیلام جایداد منقولہ وصول کر لئے جاوین اور عمر و جوہنی پرشاد کے نام نقشہ نادہندان مین درج ہین یہ شخص بہت غریب و مفلس ہین نادہند نہین لہذا انکو اس رقم سے معافی دیجاوے جنرل کمیٹی کی رائے مین بھی یہ تجویز اسپیشل کمیٹی منظوری کے قابل ہی اسقدر اور کارروائی ہونا مناسب ہے کہ نادہندوں کی فہرستین بحلقہ وار ممبر صاحبان بورڈ کو دیدیجاوین اور ممبر صاحبان کرر اونکی حیثیت اور حالت کی جانچ کر لین اور کیفیت مفصل سے جلدتر اطلاعدین ازان بعد اسپیشل کمیٹی کی رائے جاری ہونا چاہئے۔

نقشہ ناداران۔

یہ نقشہ اون اشخاص کا ہی جو شخص نادار ہین اور صاحب سکرٹری بورڈ نے اونکی جانچ بہی کی ہی اونکی بابت اسپیشل کمیٹی کی رائے ہے کہ ۲۵۷ اسم مندرجہ نقشہ کو معافی دیجاوے جنکے ذمہ ۔۔۔ رقم باقی ہے یہ باقی خارج ہو اور نام رجسٹر سے خارج کئے جاوین جنرل کمیٹی کی رائے مین بہی یہ رقم قابل اخراج ہی

نقشہ بقایا پرتہ۔

اس نقشہ مین مبلغ ۔۔۔ قابل وصول ہے۔ اسکی بابت اسپیشل کمیٹی کی رائے ہی کہ بہت جلد کل پرتہ وصول کر لیا جاوے اور اگر باقیداران مدین تو بذریعہ نیلام جایداد منقولہ شل نادہندان وصول کیا جاوے جنرل کمیٹی کے نزدیک بہی یہ رائے اسپیشل کمیٹی کی ٹہیک ہے لہذا صفائی پر وصول کی بابت تاکید کیجاوے اور ہوا و اصل باقی صفائی سے آنا چاہئے کہ کسقدر کس کس مہینہ مین وصول ہوا۔

یہ دفعہ آخر تک ملاحظہ ہوئی ہم یہ بات اول دریافت کرنا چاہتے ہین کہ یہ باقی کسقدر زمانہ کی ہی اور کیون اسقدر باقی چہوڑی گئی اور کسکے قصور سے باہو اور کیون نہین وصول کیگئی مفصل اسکی کیفیت سکرٹری میونسپل بورڈ بہیجین۔ ۲۳ جنوری سنہ ۱۸۹۴ع

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ حیات وممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۸ لغایت ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۴۳ء

نام مقام	تفصیل پیدائش — مرد — مسلمان	مرد — ہنود	عورت — مسلمان	عورت — ہنود	میزان	تفصیل بہ سبب مذہب — مسلمان	مذہب — ہنود	تفصیل فوتی — ایک سال سے ۵ سال تک — مرد	ایک سال سے ۵ سال تک — عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک — مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک — عورت	۱۳ سال سے زیادہ — مرد	۱۳ سال سے زیادہ — عورت	میزان — مرد	میزان — عورت	تفصیل بہ مذہب — مسلمان	تفصیل بہ مذہب — ہنود	تفصیل امراض — [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
شہر رامپور	۲۳	۶	۱۸	۱	۴۹	۴۲	۷	۸	۸	۰	۲	۱۳	۳	۲۱	۱۶	۲۹	۸	۰	۰	۹	۲۱	۳۶	۰
شاہ آباد	۱۱	۳۲	۲	۲۶	۷۱	۱۶	۵۹	۱۱	۹	۱	۰	۱۲	۵	۴۴	۱۱	۵	۳۱	۰	۰	۲۵	۱۰	۳۵	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰		۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰		۰	۰	۰	۰	[illegible]
سوار	۷	۳	۸	۱	۱۹	۱۵	۳	۲	۳		۰	۱۲	۷	۱۸	۱۰	۱۲	۱۲	۰	۰	۰	۲۶	۲۸	۰
بلاسپور	۲	۳	۲	۰	۱۵	۱۲	۳	۲	۲	۳	۲	۶	۷	۱۱	۱۱	۱۱	۱۱	۰	۰	۰	۲۲	۲۲	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
میزان	۴۸	۴۴	۳۸	۲۹	۱۵۹	۸۶	۷۳	۲۶	۱۹	۴	۴	۳۳	۳۶	۶۴	۴۸	۶۱	۹۱	۰	۰	۳۱	۹۱	۱۴۲	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۸ لغایت ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۴۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ار	۱۴ار	۰	۰	۰	۱۵ار	تفصیلات ملک و سوار و بلاسپور نقشے نہیں آئے
نخود [illegible]	۲۰ار	۲۰ار	۰	۰	۰	۲۰ار	
[illegible]	۱۴ار	۱۷ار	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۲۷ار	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۲۷ار	۰	۰	۰	۰	۰	
مونگ	۲۱ار	۲۰ار	۰	۰	۰	۰	
مکا	۲۷ار	۲۲ار	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۲۵ار	۰	۰	۰	۰	۲۵ار	
[illegible]	۲۲ار	۰	۰	۰	۰	۳۰ار	
[illegible]	۲۰ار	۰	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۲۰ار	۰	۰	۰	۰	۰	
برنج	۱۱ار	۱۲ار	۰	۰	۰	۱۱ار	
روغن زرد	۱۱ار	۱۳ار	۰	۰	۰	۱ار	
روغن سیاہ	۳ار	[illegible]	۰	۰	۰	۳ار	
روغن [illegible]	۳ار	۳ار	۰	۰	۰	۲ار	
نمک [illegible]	۷ار	۷ار	۰	۰	۰	۸ار	
نمک لاہوری	۰	۶ار	۰	۰	۰	۷ار	
[illegible] سیاہ	۱۱ار	۱۰ار	۰	۰	۰	۹ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور